ادبی دماغی ورزش۔سلسلہ (۸۳)

ڈاکٹر شمیم احمد صدیقی
C-2،نسیم منزل، مدح گنج، پولیس چوکی، سیتاپور روڈ لکھنؤ۔226020

نسیم اختر صدیقی لکھنوی کے درج ذیل اشعار کو دیے گئے اشاروں کی مدد سے مکمل کیجیے۔

(۱) آج ڈرتا ہے تمہارے نام سے ہر آدمی
کل نوازے گا تمہیں ...... سے ہر آدمی

اشارہ: ''دشٹ نام'' کے اندر سے 'ٹ' نکالتے ہی آپ کو گالی ملے گی۔

(۲) اسی سبب سے فقیرانِ شہر ...... ہیں
امیر شہر کے گھر میرا آنا جانا تھا

اشارہ: آپ ناراض نہ ہوں تو ہم ''برہما'' کے 'الف' کو غائب کردیں۔

(۳) جا دور جا کے تھوڑے سے پانی میں ڈوب جا
اپنے ...... سے تجھ کو محبت اگر نہیں

اشارہ: وطن کی حفاظت ہر ہندوستانی پر فرض ہے۔

(۴) چلی آتی ہے ...... بن کے اکثر
مصیبت گھر کا رستہ جانتی ہے

اشارہ: ''مہمان'' کے اندر سے نقطہ نکالنے کے بعد بھی وہ مہمان ہی رہے گا۔

(۵) میں فرشتہ نہیں ہوں انساں ہوں
میرے اندر بھی ...... ہیں بہت

اشارہ: ''خان میاں'' کے اندر سے 'ن' نکالنا کافی ہوگا۔

(۶) مانا کہ گھر وہی ہے، وہی گھر کے لوگ ہیں
کیوں ...... سے لگتے ہیں دیوار و در مجھے

اشارہ: جس کو ہم جانتے پہچانتے نہ ہوں وہ اجنبی کہلاتا ہے۔

(۷) نسیم! حُبّ وطن کا یہی ...... ہے
کہ ذرّے ذرّے میں ہندوستاں نظر آئے

اشارہ: شرافت کا تقاضہ یہ ہے کہ ہمارے اوپر اگر کسی کا کوئی قرض ہے تو بغیر اس کا تقاضہ کئے جلد ادا کردیں۔

(۸) ہم نے چمن سجائے ہیں تم نے جلائے ہیں
ہم ہیں کہ تم ہو دیش کے ...... جواب دو

اشارہ: بھلے شریف لوگ کبھی دشمن کو بھی گالی نہیں دیتے۔

(۹) ہے ایسی زندگی سے ...... بہتر
کہ جس میں دوسروں کا غم نہیں

اشارہ: موت کو یاد رکھنا آدمی کو گناہوں سے محفوظ رکھتا ہے۔

(۱۰) یاد رکھے گی ...... مجھے
کام کچھ ایسے کر گیا ہوں میں

اشارہ: کائنات کا مطلب ہوتا ہے تمام آدمی، جنّات، حیوانات۔

(جوابات آئندہ ماہ کے شمارے میں ملاحظہ کریں)

(سلسلہ 82 کے جوابات صفحہ 10 پر